CAMPUS NAME			
EXAMINATION ROLL NUMBER		EXAMINATION ROOM NUMBER	

URDU
CLASS 3

1 hour

حصہ برائے ممتحن		
سوال نمبر	کل نمبر	حاصل کردہ نمبر
۱	۱۵	
۲	۲	
۳	۳	
۴	۳	
۵	۴	
۶	۴	
۷	۴	
۸	۱۰	
۹	۵	
کُل نمبر	۵۰	
فیصد		

ہدایات:

۱۔ اُوپر دیے گئے خانوں میں اپنے کیمپس کا نام، امتحانی رول نمبر اور امتحانی کمرہ نمبر لکھیں۔

۲۔ ہر سوال کا جواب دی گئی جگہ میں لکھیں۔

دستخط نگران---------------

دستخط جانچ کنندہ-----------

دستخط ممتحن---------------

S007#Extra

حصہ اوّل

تفہیم **کُل نمبر ۱۵**

س ا۔ عبارت کو غور سے پڑھ کر نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ [۱۵]

ہُدہُد ایک بے حد خوب صورت پرندہ ہے۔ اس کے حسین پر اور لمبی اور پیاری سی چونچ ہوتی ہے۔ اس کے دو پنجے ہوتے ہیں اور رنگ بادامی ہوتا ہے۔ یہ خوراک کی تلاش میں کیڑے مکوڑے پکڑنے میں ماہر ہوتا ہے۔ کیڑوں کے علاوہ ہُدہُد پھل اور دوسرے پرندوں کے انڈے بھی ہڑپ کر جاتا ہے۔ یہ ایک محنتی پرندہ ہے اور مستقل کام کرتے ہوئے گھنے درختوں کے تنوں میں اپنی تیز چونچ سے سوراخ کر کے گھونسلا بناتا ہے۔ بعض ہُدہُد ایک ہی گھونسلا کئی سال استعمال کرتے ہیں۔ اس کا گھونسلا باقی پرندوں کی طرح صاف ستھرا نہیں ہوتا۔

ا: ہُدہُد دیکھنے میں کیسا پرندہ ہے؟ اس کی دو خوبیاں لکھیے۔ [۲]

ب: ہُدہُد کی خوراک میں کیا کیا شامل ہے؟ [۲]

ج: ہُدہُد اپنا گھونسلا کہاں بناتا ہے؟ [۱]

د: آپ کا پسندیدہ پرندہ کون سا ہے اور وہ آپ کو کیوں پسند ہے؟ [۲]

ہ: عبارت میں چار اسم صفت تلاش کر کے تحریر کیجیے۔ [۴]

ا۔	۳۔
۲۔	۴۔

و: دیے گئے الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔ [۴]

محنتی: ______________________

____

چونچ: ______________________

____

گھونسلا: ______________________

____

درخت: ______________________

____

حصہ دوم

قواعد و انشا پردازی **کل نمبر ۳۵**

س۲۔ نیچے دیے گئے بے ترتیب جملوں کو درست ترتیب دے کر دوبارہ لکھیے۔ [۲]

ا: ہیں انگلیاں ایک میں ہاتھ پانچ ہوتی

____

ب: ہفتے سات میں ہیں دن ہوتے

____

س۳۔ دیے گئے الفاظ کو درست متضاد سے ملائیے۔ [۳]

الفاظ	متضاد
سردی	دشمن
زیادہ	گرمی
دوست	کم

س۴۔ درج ذیل خط کشیدہ مذکر کے مونث اور مونث کے مذکر خالی جگہ میں تحریر کیجیے۔ [۳]

ا: ہمیں اُستاد اور ______________ کا ادب کرنا چاہیے۔

ب: میں نے ______________ اور فقیرنی کو پیسے دیے۔

ج: ہم نے چڑیا گھر میں شیر اور ______________ کو دیکھا۔

س ۵۔ واحد جمع کا درست استعمال کرتے ہوئے جملے مکمل کیجیے۔ [۴]

ا: میں نے بازار سے ________ خریدے۔ (غبارہ / غبارے)

ب: عالی نے ناشتے میں ________ کھایا۔ (انڈے / انڈا)

ج: ہمارے گھر میں پانچ ________ ہیں۔ (کمرا / کمرے)

د: یہ ________ میلا ہے۔ (کپڑے / کپڑا)

س ۶۔ دیے گئے مرکب الفاظ کو درست مرکب سے ملایئے اور سامنے دیے گئے خانے میں لکھیے۔ [۴]

الفاظ		مرکب الفاظ
دل	رنگ	
رنگا	تارے	
عقل	چسپ	
چاند	مند	

س ۷۔ دیے گئے انگریزی جملوں کا اُردو میں ترجمہ لکھیے۔ [۴]

اُردو	انگریزی
	My pencil is green.
	We play football.
	Sun is shining.
	My father is reading a newspaper.

س۸۔ عنوان 'میرا وطن' پر ۸۰ الفاظ پر مشتمل مضمون تحریر کیجیے۔ [۱۰]

یا

اپنے دوست کو ۷۵ الفاظ پر مشتمل خط لکھ کر اپنے پسندیدہ کھلونے کے بارے میں بتائیے۔

مضمون نویسی			خط نویسی		
آغاز، تمہید	۱نمبر		پتہ، تاریخ،	۱نمبر	
نفسِ مضمون	۴نمبر		القاب و آداب	۱نمبر	
ربط و تسلسل	۱نمبر		ابتدائی جملے	۱نمبر	
اختتام	۱نمبر		نفسِ مضمون	۵نمبر	
قواعد و املا	۲نمبر		اختتام	۱نمبر	
حدِ الفاظ	۱نمبر		حد الفاظ	۱نمبر	

س۹۔ تصاویر اور جملوں کی مدد سے کہانی کی درست ترتیب کے مطابق نمبر لگایئے اور کہانی کا اختتام بھی لکھیے۔[۵]









آدھا راستہ طے کرنے کے بعد خرگوش نے سوچا کہ
کچھوا تو بہت پیچھے ہوگا۔ اس لیے وہ سو گیا۔

ایک خرگوش کو تیز دوڑنے پر بہت غرور تھا۔
ایک دن خرگوش نے کچھوے کو دوڑ لگانے کا کہا۔

کچھوا مان گیا۔ دوڑ شروع ہوتے ہی خرگوش تیزی
سے بھاگا۔